# رہنمائی

## ابتدائی بچپن کی تعلیم و نگہداشت کے شعبے کی تحقیقات کے حوالے سے رائے جمع کرانے کا طریقہ کار

**آپ اس کمیٹی کو اپنی رائے اور تجربات تحریری طور پر پیش کر کے اس تحقیق میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اس سے کمیٹی کے ارکان کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ آپ، آپ کا خاندان، آپ کی تنظیم یا آپ کی کمیونٹی اس مسئلے کے حوالے سے کیا سوچتی اور محسوس کرتی ہے۔**

### اپنی رائے میں کیسے جمع کرا سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اس تحقیق کے لیے اپنی تحریری رائے ای میل کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔ اپنی رائے درج ذیل ای-میل پر بھیجیں: PortfolioCommittee3@parliament.nsw.gov.au۔ آپ کی تحریر لمبی، رسمی یا تفصیلی ہونے کی ضرورت نہیں، بس آپ کی رائے تحقیق کے دائرہ کار (Terms of Reference) کے حوالے سے واضح ہونا چاہیے۔ تحقیق کی شرائط مختلف زبانوں میں ترجمہ شدہ ویب سائٹ پر "Terms of Reference" کے ٹیب میں دستیاب ہیں۔

اپنی رائے سے متعلق آپ کو درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

- اپنا یا اپنی تنظیم کا تعارف کرائیں،
- اپنی رائے متعلقہ، واضح اور مختصر انداز میں پیش کریں،
- مسائل کی وضاحت کریں اور ممکنہ حل یا سفارشات پیش کریں،
- دوسروں کے بارے میں منفی یا توہین آمیز تبصرے شامل کرنے سے گریز کریں،
- واضح کریں کہ آیا آپ عوامی سماعت (hearing) میں زبانی گواہی دینا چاہتے ہیں یا نہیں۔

رائے جمع کروانے کی آخری تاریخ، بروز **اتوار، 15 جون 2025** ہے۔ اگر آپ کو جمع کروانے کی مدت میں توسیع چاہیے، تو براہ کرم ای-میل کریں: PortfolioCommittee3@parliament.nsw.gov.au

جب آپ اپنی رائے جمع کروائیں گے، تو پراسیس ہونے پر آپ کو ایک تصدیقی ای-میل موصول ہوگی۔

### کیا جمع کرائی گئی آراء شائع کی جائیں گی؟

کمیٹی یہ فیصلہ کرے گی کہ آپ کی رائے شائع کی جائے یا نہیں۔ جب آپ اپنی رائے جمع کروائیں، تو آپ کو یہ بتانا ہوگا کہ:

- کیا آپ یہ چاہیں گے کہ آپ کی رائے آپ کے نام کے ساتھ یا بغیر نام کے شائع کی جائے،
- یا آپ یہ چاہیں گے کہ آپ کی رائے کا پورا یا کوئی حصہ، بشمول آپ کا نام، مخفی رکھا جائے، خفیہ رکھنے کے لیے اس کی وجوہات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔

رائے شائع کئے جانے کے فیصلے سے قبل، کمیٹی آپ کی درخواست پر غور یا نظرثانی کرے گی۔

### رائے (Submission) دینا کیوں اہم ہے؟

کمیٹی کی رپورٹ میں آپ کی آراء سے حاصل شدہ معلومات شامل کی جاتی ہیں (اگرچہ کہ وہ مخفی نہ ہوں)، جو کہ کمیٹی کی سفارشات اور نتائج کو تشکیل دینے میں مدد دیتی ہیں۔ آپ کے خیالات، تجربات یا اسٹوری کا اشتراک بہت قیمتی ہوتا ہے کیونکہ اس کی بنیاد پر حکومتی پالیسیوں، فیصلوں یا قوانین میں بہتر تبدیلیاں کے لیے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

## مزید معلومات

اس تحقیق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں۔ اگر آپ کو ترجمہ کی مدد درکار ہو یا رائے جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرنا ہو، تو براہ کرم کمیٹی کے عملہ سے رابطہ کریں۔


www.bit.ly/ECEC-Inquiry

(02) 9230 3081

PortfolioCommittee3@parliament.nsw.gov.au